حُسنِ انتقاد

تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

● **نام کتاب: سیرت النبی البم** **تحقیق وترتیب: شاہ مصباح الدین شکیل** **مبصر: صبیح ہمدانی**

ناشر: پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی لمیٹڈ **ضخامت: ۲۸۰صفحات** **قیمت: درج نہیں**

رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت، اللہ تعالیٰ کی ایسی نعمت ہے جو اُنھوں نے اپنی مخلوقات کو ڈھیروں ڈھیر عطا فرمائی ہے۔ اس مبارک نعمت کا اظہار ہمارے اردگرد مسلسل اور پیہم ہوتا رہتا ہے۔ بلکہ بسا اوقات اس سعادت سے بہرہ یاب ایسے بھی نظر آتے ہیں جن کی ظاہری شناخت اور تعارف کا حوالہ دینی وابستگی کا نہیں ہوتا۔ پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی لمیٹڈ ایک خالصتاً تجارتی ادارہ ہے جس کی صنعتی وتجارتی سرگرمیاں ہی اُس کی شناخت ہیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ کا خصوصی کرم ہے کہ اس ادارے کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ طیبہ کے حوالے سے اعلیٰ پائے کی تحقیقی تصانیف کی اشاعت کی سعادت بھی حاصل ہوئی۔

’’آثارِ انبیاء وخاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم‘‘ سیرت طیّبہ کی تحقیق کا ایک مستقل شعبہ ہے۔ خاص طور پر آخری دو دہائیوں میں اس موضوع پر قابلِ ذکر کام ہوا اور متعدد مصور کتابیں منصہ شہود پر آئیں۔ راقم کے محدود مطالعے کے مطابق اردو زبان میں اس نوعیت کی پہلی کتاب ستمبر۱۹۹۲ء میں شائع ہونے والی ’’سیرت البم‘‘ تھی، جس کی تحقیق وترتیب وتحریر جناب شاہ مصباح الدین شکیل نے کی۔ زیرِ نظر کتاب اسی ’’سیرت النبی البم‘‘ کا چھٹا ایڈیشن ہے جو اضافات سے مزیّن ہے۔

یہ کتاب بنیادی طور پر اولوالعزم انبیاء اور پھر خاتم الانبیاء علیہم الصلوات والتسلیمات کے آثار کا تصویری مرقع ہے۔ فاضل محقق ومرتب نے اس مقصد کی خاطر اسفار کر کے براہِ راست ان تصاویر کو حاصل کیا ہے۔ دور دراز مقامات کے نقشے، ایسے مقامات کی موجودہ وقدیم حالت کی عکاسی کرنے والی تصاویر اور پھر شرح وتفصیل کی خاطر لکھے جانے والے مختصر مضامین...اس کتاب کے نمایاں مشمولات ہیں۔ زیرِ نظر ایڈیشن کی خصوصیت یہ ہے کہ اس موضوع پر بعد میں آنے والی کتابیں بھی صاحبِ تحقیق کے مصادر ومراجع میں شامل ہوگئی ہیں۔

جناب محقق ومرتب سیرت نگاری میں اپنا دلنشیں اسلوب رکھتے ہیں۔ اُنھیں اردو کی شعری روایت کا گہرا مطالعہ ہے۔ چنانچہ وہ اپنی تصانیف وتراتیب کے صفحے صفحے کو جس لطافت کے ساتھ چنیدہ اشعار سے سجاتے ہیں وہ اپنی جگہ ایک مستقل جنّتِ نظارہ ہے۔ البتہ یہ ایڈیشن پروف کی اغلاط کے اعتبار سے جناب مرتب کے قائم کردہ اس معیار سے کسی قدر کم ہے جسے اپنی عالی شان تصنیف سیرت احمد مجتبیٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) اور اسی کتاب کی پچھلی اشاعتوں میں وہ برت چکے ہیں۔

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com